www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور تھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی

ABC Certified

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 11 | جمعرات، 26 مارچ 2026ء، بمطابق 06 شوال 1447ھ | شمارہ 240 | قیمت 10 روپے

خلیجی ممالک کی غذائی ضروریات کا خیال رکھنا ہمارا فرض ہے

وزیراعظم کی اشیائے خورونوش کی فراہمی تیز کرنیکی ہدایت

وزیراعظم شہباز شریف کی زیرصدارت اجلاس، پاکستانی ہوائی اڈوں پر فلائٹ آپریشنز میں اضافے کیلئے جامع لائحہ عمل تیار کرنے کی ہدایت

ملکی غذائی ضروریات کو متاثر کئے بغیر ملک میں وافر مقدار میں موجود اشیا خورونوش کی خلیجی ممالک کو اشیائے

حکومتی اداروں کی سطح پر فیصلہ سازی میں کسی قسم کی تاخیر کا قابل قبول نہیں، تاخیر کے مرتکب افراد کی جواب دہی یقینی بنائی جائیگی، وزیراعظم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیرصدارت موجودہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں خلیجی ریاستوں کو اشیائے خورونوش کی فراہمی اور پاکستان کی بندرگاہوں اور بیرونی ٹرمینل آپریٹرز کے حوالے اہم جائزہ اجلاس آج وزیراعظم ہاؤس اسلام آباد میں منعقد ہوا۔ اجلاس سے شرکا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم نے خلیجی ممالک کو اشیائے خورونوش کی فراہمی کے حوالے بنائی گئی سکیٹ عملی اور اب تک کی پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور اس حوالے سے کام کرنے والے متعلقہ محکموں اور افسران کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ خلیجی ممالک کو ورکار اشیائے خورونوش کی فراہمی اور ان کی غذائی تحفظ کے حوالیسے تمام متعلقہ محکمے خلیجی ممالک سے قریبی رابطے میں رہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ موجودہ علاقائی صورتحال کے تناظر میں، جبکہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

امریکی تجاویز مسترد، ایران نے اپنی شرائط پیش کر دیں

ملکی دفاع جاری رکھنے کا اعلان

ابتدائی ردعمل امریکا تک پہنچانے کیلئے پاکستان کو بھیج دیا گیا، ڈونلڈ ٹرمپ کو جنگ کے خاتمے کا وقت طے کرنے کا اختیار نہیں دیا جاسکتا، ایران نے جارحیت اور ٹارگٹ کلنگ کے خاتمے کی شرط رکھ دی

امریکا دونوں مواقع پر سنجیدہ مذاکرات کا خواہاں نہیں تھا اور ایران کے خلاف فوجی کارروائیاں کی گئیں، شرائط میں دوبارہ جنگ مسلط نہ کرنے، جنگی نقصانات اور ہرجانے کی ادائیگی کی شرط شامل ہے

تہران (ویب ڈیسک/امریکا) ایران مذاکرات کی کوششوں کو جھٹکا، ایران نے امریکی تجاویز مسترد کردیں اور اپنی شرائط پیش کرنے ہوئے ملکی دفاع جاری رکھنے کا اعلان کر دیا۔ ایرانی حکام کے مطابق ابتدائی ردعمل امریکا تک پہنچانے کیلئے پاکستان کو بھیج دیا گیا، جنگ کا اختتام صرف تہران کی شرائط اور عمر ارائن کے مطابق ہوگا۔ حکام کا کہنا ہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ کو جنگ کے خاتمے کا وقت طے کرنے کا اختیار نہیں دیا جاسکتا۔ ایرانی حکام نے باضی کے مذاکرات کا حوالہ دیا اور انہیں فریب قرار دیتے ہوئے کہا امریکا دونوں مواقع پر سنجیدہ مذاکرات کا خواہاں نہیں تھا اور ایران کے خلاف فوجی کارروائیاں کی گئیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران نے جارحیت اور ٹارگٹ کلنگ کے خاتمے کی شرط رکھ دی، شرائط میں دوبارہ جنگ مسلط نہ کرنے، جنگی نقصانات اور ہرجانے کی ادائیگی کی شرط شامل ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق خطے میں تمام محاذوں اور تمام مزاحمتی گروہوں سے جنگ بند کرنے، پاکستان کیساتھ اچھے تعلقات ہیں، ایرانی وزیرخارجہ ہمسایہ ممالک کے دورائے خارجہ سے رابطے میں ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کا کہنا ہے پاکستان کی نیت اچھی ہے اور آغاے ہرجر پر ایران کی خودمختاری کا حق تسلیم کرنے کی شرائط بھی شامل ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کا کہنا ہے پاکستان کی نیت اچھی ہے اور ہم پاکستان کیساتھ رابطے میں ہیں۔

ایم کیو ایم کا سیاسی جماعتوں سے 28ویں ترمیم فوری لانے کا مطالبہ

ہم اپنے حصے کا اختیار عوام کو دینا چاہتے ہیں، ایک مختصر سی اقلیت جاگیردارانہ مزاج کی وجہ سے اختیارات کی منتقلی کو روکا جارہا ہے

معاشی بحران سے متعلق اقدامات اٹھائے جارہے ہیں، لاک ڈاؤن کی باتیں ہورہی ہیں شہریوں کو فیصلہ کرنے کا اختیار دیا جائے

پاکستان ثالثی اور مذاکرات کے جس عزم کا اظہار کر رہا ہے، ہم ساتھ ہیں، سرحدوں کی حفاظت کرنے کیلئے پاک افواج دفاع کرسکتی ہیں

جس جنگ کا پچھلے تیس چالیس سال سے کہا جارہا تھا وہ جنگ ہمارے دروازے پر پہنچ چکی ہے، خالد مقبول صدیقی، مصطفیٰ کمال

کراچی (ویب ڈیسک) متحدہ قومی موومنٹ (ایم کیو ایم) نے سیاسی جماعتوں سے 28 ویں ترمیم فوری لانے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہم اپنے حصے کا اختیار عوام کو دینا چاہتے ہیں، ایک مختصر اقلیت جاگیردارانہ مزاج کی وجہ سے اختیارات کی منتقلی کو روکا جارہا ہے۔ چیئرمین ایم کیو ایم پاکستان خالد مقبول صدیقی نے مصطفیٰ کمال، انیس قائم خانی کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ جس جنگ کا پچھلے تیس چالیس سال سے کہا جارہا تھا وہ جنگ ہمارے دروازے پر پہنچ چکی ہے، جنگ کے خاتمے کے لیے پاکستان کی حکومت اور پاک افواج نے نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ خالد مقبول صدیقی کا کہنا تھا کہ پاکستان ثالثی اور مذاکرات کے جس عزم کا اظہار کر رہا ہے ہم ان کے ساتھ ہیں۔ سرحدوں کی حفاظت کرنے کے لیے پاک افواج دفاع کرسکتی ہیں۔ فوٹو: موبائل پر ..... بقیہ صفحہ 3 نمبر 26

متحدہ قومی موومنٹ کے چیئرمین ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کراچی میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

وزیراعظم کا سعودی ولی عہد سے رابطہ، امن کیلئے جاری کوششوں سے آگاہ کیا

وزیراعظم نے ہر مشکل وقت میں سعودی عرب کے ساتھ کھڑے رہنے کا اعلان کیا

دونوں رہنماؤں نے خطے کی سلامتی کو درپیش خطرات پر تشویش کا اظہار کیا، سعودی میڈیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف اور سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا، جس میں خطے میں امن کیلئے پاکستانی کوششوں سے آگاہ کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف اور سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے درمیان رابطے میں علاقائی و علاقائی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

ایران کی تل ابیب پر میزائلوں کی بارش، 12 اسرائیلی زخمی

ایرانی حملوں کے بعد اسرائیلی پولیس صحافیوں کو کوریج سے روکنے پر مجبور ہوگئی

صیہونی رژیم کی انٹیلی جنس ایجنسیوں کو مقبوضہ علاقوں میں نشانہ بنایا، یاسداران انقلاب

تہران (ویب ڈیسک) ایران نے امریکا اور اسرائیل کے خلاف حملوں کی 80 ویں لہر کا آغاز کر دیا۔ ایران نے اسرائیل پر میزائلوں اور ڈرونز کی بارش کردی جس کے نتیجے میں تل ابیب میں متعدد عمارتیں ملیامیٹ ہوگئیں، جنگی گاڑیوں کو بھی نقصان پہنچا ہے، جبکہ دونوں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

تیرگام ایکسپریس ٹرین حادثہ، لاشوں کے قریب ریلوے ٹریک اور ٹرین متاثر ہونے مناظر

ترک صدر کا صہیونی جارحیت کیخلاف مقف قابلِ تحسین ہے، مسعود پزشکیان

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ترک صدر رجب طیب اردوان کا صہیونی جارحیت کے خلاف دوٹوک مقف قابل تحسین ہے۔ اپنے بیان میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 45

پاکستان نیوی نے چیئرمین جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کمیٹی (سی جے سی) کے جہاز دانش کو نیوی گارڈ رین مشق کیلئے کراچی میں خوش آمدید کہا

امریکا اپنی ناکامی کو معاہدہ نہ کہے، ترجمان ایرانی فوج

تہران (ویب ڈیسک) ترجمان ایرانی فوج نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مذاکرات کے بیانات کو مسترد کرتے ہوئے امریکا کو واضح پیغام دے دیا، جنگ ایرانی وزارت .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

قومی سلامتی کمیٹی کی کارکردگی اور اثرات کی جائزہ رپورٹ جاری

وزیراعظم شہباز شریف کی وزارت عظمیٰ کا دوسرا سال شروع ہونے کے بعد رپورٹ جاری

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پلڈاٹ نے پاکستان کی قومی سلامتی کمیٹی کی کارکردگی اور اس کے اثرات کی جائزہ رپورٹ جاری کردی۔ پلڈاٹ نے 5 مارچ 2025 کو وزیراعظم شہباز شریف کی وزارت عظمیٰ کا دوسرا سال شروع ہونے کے بعد اور اس عرصے کے دوران کی رپورٹ جاری کی۔ رپورٹ کے مطابق قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس سال میں تین مواقع پر بلایا گیا، کمیٹی کے امور بڑے پیمانے پر عدم تسلسل اور رکاوٹ پر مبنی بیانیے کی نشاندہی کرتے ہیں۔ پلڈاٹ رپورٹ کے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

آسیہ اندرابی کو عمر قید، کشمیری قیادت کی آواز دبانے کی کوشش ہے، مشعال ملک

متنازع قوانین کے ذریعے آزادی کی جدوجہد کو کچلا جارہا ہے، چند افراد کی سرانجیں، ویڈیو پیغام

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حریت رہنما آسیہ اندرابی کو عمر قید کی سزا سنائی گئی ہے، آسیہ اندرابی کو عمر قید کشمیری قیادت کی آواز دبانے کی کوشش ہے، یہ بلکہ ایک سوچی سمجھی سازش ہے، آسیہ اندرابی کو عمر قید کی اہلیہ مشعال ملک نے کہا ہے کہ آسیہ اندرابی کو ویڈیو پیغام میں کہا کہ متنازع قوانین کے ذریعے آزادی کی جدوجہد کو کچلا جارہا ہے، یہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

ٹرمپ سن لے ہمارے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیراعلیٰ اسہیل آفریدی

صوبے کے عوام کے ساتھ وفاق سوتیلی ماں جیسا سلوک کر رہا ہے، اسرائیل اور امریکہ کبھی نہیں چاہیں گے کہ پاکستان ترقی کرے

پاکستان تحریک انصاف کو دیوار کے ساتھ لگایا جارہا اور بانی پی ٹی آئی کے ساتھ مسلسل ظلم ہو رہا ہے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی

آج وفاقی حکومت نے این ایف سی کے حوالے سے میٹنگ بلائی مگر اسکو بغیر وجہ بتائے منسوخ کر دیا گیا، پریس کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے امریکی صدر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہمارے وزیراعظم شہباز شریف ہیں۔ دارالحکومت اسلام آباد میں پی ٹی آئی کے سوہنی صدر جنید اکبر اور خیبر پختونخوا کے مشیر خزانہ مزمل اسلم کے ہمراہ سہیل آفریدی نے مشترکہ پریس کانفرنس کی۔ ایک سوال کے جواب میں وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

بلاول بھٹو کی وزیراعظم سے ملاقات، سفارتی کاوشوں پر تبادلہ خیال

چیئرمین پی پی پی نے مسائل سے نبرد آزما ہونے کے لیے وفاقی حکومت کی پالیسی کی تعریف

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اہم ملاقات کی جس میں مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورتحال اور پاکستان کی عالمی امن کے لیے کی جانے والی سفارتی کوششوں پر گفتگو کی گئی۔ تفصیلات کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف سے پی پی چیئرمین بلاول بھٹو نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی جس میں شہباز شریف نے مشرق وسطیٰ کی کشیدہ صورت حال اور پاکستان کی جانب سے کی جانے والی عالمی امن کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

سی ٹی ڈی کی ضلع ٹانک میں کارروائی، 2 دہشت گرد ہلاک

آپریشن کے دوران سامنا ہونے پر دہشت گردوں نے سی ٹی ڈی ٹیم پر فائرنگ کی

ہلاک دہشت گردوں سے دو کلاشنکوفیں، 6 میگزین، کارتوس اور 2 ہینڈ گرینیڈز برآمد

پشاور (ویب ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع ٹانک میں محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کامیاب کارروائی کرتے ہوئے اپنی کارروائی مطلوب دو دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا۔ سی ٹی ڈی کے مطابق ڈیوڑ ویگن نے معتبر اور قابل عمل انٹیلی جنس .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

وفاقی حکومت کے فیصلے پر لبیک کہیں گے، سندھ کابینہ کا تین ماہ کی تنخواہ نہ لینے کا فیصلہ

وفاقی حکومت کے فیصلوں کی ہر سطح پر حمایت جاری رکھی جائے گی اگر وفاقی حکومت لاک ڈاؤن کا فیصلہ کرتی ہے تو سندھ حکومت اس پر بھی مکمل طور پر عمل کرے گی

حکومت سندھ وفاقی حکومت کے تمام فیصلوں پر عمل کر رہی ہے اور مزید اہم فیصلے بھی کیے جارہے ہیں تاکہ موجودہ صورتحال سے مثر انداز میں نمٹا جاسکے، شرجیل میمن

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کابینہ سندھ نے کفایت شعاری سے متعلق متعدد اہم اقدامات کا اعلان کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ ایندھن کی کمی کو روکنے کے لیے وفاقی حکومت جو بھی فیصلے کرے گی، ان پر لبیک کہا جائے گا۔ صوبائی وزیر اطلاعات شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ حکومت سندھ وفاقی حکومت کے تمام فیصلوں پر عمل کر رہی ہے اور موجودہ صورتحال سے مثر انداز میں نمٹا جائے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے فیصلوں کی ہر سطح پر حمایت جاری رکھی جائے گی اگر وفاقی حکومت لاک ڈاؤن کا فیصلہ کرتی ہے تو سندھ حکومت اس پر بھی مکمل طور پر عمل کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت تنخواہ نہ لینے کا فیصلہ کیا ہے، جبکہ جمعہ کے روز ورک فرام ہوم کا فیصلہ بھی کیا گیا ہے تاکہ ایندھن کی بچت ممکن بنائی جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے فیصلوں کی ہر سطح پر حمایت جاری رکھی جائے گی اگر وفاقی حکومت لاک ڈاؤن کا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

وزیراعظم شہباز شریف سے اسلام آباد میں پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری ملاقات کررہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کا دورہ کراچی متوقع، اہم ملاقاتیں شیڈول

کراچی (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف رواں ہفتے کراچی کا دورہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے تحفظ رکھنے والے گورنر کی تقرری کے بعد وزیراعظم کا یہ پہلا دورہ کراچی ہوگا۔ یہ دورہ حالیہ سیاسی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

پیٹرول پمپ ایسوسی ایشن نے ملک بھر کے سٹیشنز بند کرنے کی دھمکی دیدی

14 سے 15 ہزار پیٹرول پمپ مالکان کو درپیش مسائل فوری توجہ کے متقاضی ہیں، حکومت پالیسی سازی میں صنعت کے اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرے

پیٹرول پمپ بندش کی صورت میں پاکستان میں شدید فیول بحران کا خدشہ ہے، ممکنہ بحران کی ذمہ داری وزارتِ پیٹرولیم پر عائد ہوگی، ایسوسی ایشن

اسلام آباد (ویب ڈیسک) آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن نے خدشات دور نہ ہونے کی صورت میں ملک بھر کے ہزاروں پیٹرول پمپس بند کرنے کی دھمکی دیدی۔ آل پاکستان پیٹرول پمپ اونرز ایسوسی ایشن کی جانب سے جاری اعلامیے میں کہا گیا ہے ایسوسی ایشن نے وزیر پیٹرولیم علی پرویز ملک سے فوری ملاقات کیلئے مراسلہ بھیج دیا ہے۔ 6 مارچ کو بھی مراسلہ بھیجا گیا تھا لیکن کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ مراسلے میں کہا گیا ہے کہ پیٹرولیم سیکٹر کو آپریشنز، مالی مشکلات، قیمتوں اور ایک پالیسی تبدیلیوں کا سامنا ہے، حکومت پالیسی سازی میں صنعت کے اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرے، ملک بھر کے 14 سے 15 ہزار پیٹرول پمپ مالکان کو درپیش مسائل فوری توجہ کے متقاضی ہیں۔ ایسوسی ایشن کے مراسلے میں کہا گیا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

بادلوں سے بھرا آسمان راولپنڈی کے افق پر خوبصورت منظر تخلیق کرتا ہے

ایئرپورٹ پر نجی طیارے کی ہنگامی لینڈنگ، 160 مسافر محفوظ

کراچی (ویب ڈیسک) اسلام آباد سے سعودی عرب کے شہر ریاض جانے والی نجی ایئرلائن ایئر سیال کی پرواز (ایف 768) کو فنائی میں اچانک تکنیکی خرابی کا سامنا کرنا پڑا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | شیئرنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ
پبلشر محمد حنیف نے آلاصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42 فخر فلور، پنڈی کراف بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

مسائل حل کریں، کراچی صوبہ کی گنجائش نہیں

ایک مرتبہ پھر کراچی کو صوبہ بنانے کے حوالے سے بحث ہو چلی ہے ، کراچی سے حاصل کردہ ریونیو جو پورے ملک کے ریونیو کا 46 فیصد ہے اس پر نہ جائیں متعلقہ نمائندوں کی کسب سے نظر ہے، نہ جائیں صوبے میں انگریزی اس خوش فہمی میں مبتلا ہے کہ وہ اس پر قابض ہو جائیگا ، واقعی ریاضی کی بات ہے، کوئی عجب وطن یہ نہیں چاہے گا کہ کوئی ایسا صوبہ بن جائے جس کی آمدنی پر صرف اسکا حق ہو۔ قائد کے پاکستان کے تمام صوبے ایک دوسرے کی مدد سے چلتے ہیں خاص طور پر معاشی حالوں سے ، ہاں یہ اور بات ہے کہ کراچی صوبہ کا نعرہ لگانے والے کراچی میں ہونے والی کسی زیادتی ، ناانصافی کے خلاف اشارہ کرکے اس پر آواز اٹھائیں تو جن محرمین کا وہ ذکر کرتے ہیں وہ کم ہوگئی ہیں ، مرکز اور صوبے کی تھوتھنی ایمانداری سے بغیر کسی اسکی عناد کے اس پر توجہ دے سکتی ہیں۔ اسم کراچی کی بنیاد اسی لئے ملک بدر رہنما سے مہاجروں پر ہونے والے ظلم ، اتھول انکے (کی جو ہے رکھی تھی) پر، اور کراچی ایک آواز پر جیئنٹ اور ایک آواز پر اتھنٹ تھا مگر وہشت گردی اور جرائم میں ملوث ہونے کی بدنامی کو ایم کو صاف حاصل نہ کرسکی ، ایسے رہنما سے جس طرح ملک سے باہر بیٹھ کر بھارتی ایجاد اور بھارتی فنڈز کے بل بوتے جو زہر اگلا وہ ہر ایم کو ایم رہنما کیلئے شرمندگی ہے۔ اور پاکستان میں رہتے کیلئے انہیں اپنے رہنما سے علیحدگی اختیار کرنا پڑی ، معاملہ بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ بظاہر جیلوں کرنے والوں کا تانہ بانہ جاملا تھا نہ جاملا تھا عام۔ ایم

امیر خان

ایم کی بنیاد 1984 میں الطاف حسین نے رکھی۔ ابتدا میں یہ طلبہ تنظیم کے طور پر ابھری۔ اس کا مقصد شہری سندھ خصوصاً کراچی اور حیدرآباد میں نئے اور اہم حلقے کے سیاسی و سماجی حقوق کے لیے آواز اٹھانا تھا۔ بعد میں یہ جماعت نہ خود کو کبھی قومی جماعت کے طور پر پیش کیا۔ اس جماعت کے بظاہر ثبت اور منفی پہلو دونوں رہے، بہت پہلو کے حوالے سے ایم کو ایم نے کراچی اور حیدرآباد کے شہری متوسط اور نچلے طبقے کو سیاسی شناخت دی، جو پہلے کبھی نہ تھی لہٰذا اس نے کچھ حد تک احساس محرومی کو کم کیا۔ اس جماعت نے کراچی اور حیدرآباد کے شہری علاقوں میں سیاسی شعور کو بلند کیا۔ اس جماعت کے بظاہر مثبت اور منفی پہلو دونوں رہے، بہت پہلو کے حوالے سے ایم کو ایم نے کراچی اور حیدرآباد کے شہری متوسط اور نچلے طبقے کو سیاسی شناخت دی، جو پہلے کبھی نہ تھی لہٰذا اس نے کچھ حد تک احساس محرومی کو کم کیا۔ اس جماعت نے کراچی اور حیدرآباد کے شہری علاقوں میں سیاسی شعور کو بلند کیا۔ اسی جماعت کے بظاہر مثبت اور منفی پہلو دونوں رہے، بہت پہلو کے حوالے سے ایم کو ایم نے کراچی اور حیدرآباد کے شہری متوسط اور نچلے طبقے کو سیاسی شناخت دی، جو پہلے کبھی نہ تھی لہٰذا اس نے کچھ حد تک احساس محرومی کو کم کیا۔ اس

01

بقیہ نمبر 1

پانی بنایا جائے۔ صوبائی وزیر ثقافت و سیاحت نوازات سید ذوالفقار علی شاہ کی زیر صدارت محکمہ ہائے نوسٹ مرض کے اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ عمرے اور زیارتوں پر جانے والے زائرین کے سامان کو فراڈ کرنے والی ٹریول ایجنسیوں کا انسٹس کیا جائے گا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ سندھ میں پہلی دفعہ تقریب موہنجوداڑو میں جوبلی گھروں کی فورز آپ ہیرٹیز سیاحوں کی رہائش کے لیے استعمال میں لائیں اور اسٹاف کو سندھ حکومت کے ادارے ٹیکنیم سے ٹریننگ کروا کر سرکاری ٹیکسی کے معیاری ذریعہ سید ذوالفقار علی شاہ نے فورز آپ ہیرٹز کی سہولیات اور رہنمائی نظام کو جدید بنانے کی ہدایات کی اور کہا کہ کلائمٹ چینجز کے تحت ہونے والے نقصانات کو پورا کرنے کی کوشش کرے۔ انہوں نے کہا کہ بنظر قدر رخصوص پرانا شہر اور پرانی گلیوں میں اضافہ کرنے کے لیے ادارے نے خیالکھا ہے۔ عمرے اور زیارتوں پر جانے والے زائرین کو بعض ٹیکسیوں کی جانب سے دھوکے اور عام سیاحوں کے لیے پھیلے کلفا استعمال کرنے کے 200 اسپرے رپورٹ ہوئے ہیں ڈکیتی کا نقصان کیا جا رہا ہے جس کی ہم کوئی مؤثر احتساب نظر نہیں آتا۔ سندھ حکومت کی مسلسل بدامنی اور کرپشن کے باعث عوام کا پیسہ ضائع ہو رہا ہے جبکہ عام آدمی مہنگائی اور بدانتظامی کا بوجھ اٹھانے پر مجبور ہے۔ سندھ ہمیں ان آمیریکو فورسٹ کو رخالی جائیں اور اس میں طوبت سائب نرخ نہیں پایا جاتا۔ انہوں نے کہا کہ سندھ کے محکمہ فرک کی ایک حالیہ رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ پرانی سیت صوبے کے مختلف علاقوں میں قائم سرکاری کھوا موں سے سنہ 2022 سے 2024 کے دوران تقریباً چار جزائر تمام پیوری کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ہ چوری کھیم خورک سندھ کے محکمے کی صوبائی بجٹ کے ہیں گئی، جہاں کچھ نہ کوصف غائب کیا گیا ہیک بعد ازاں اس فرب ظاہر کر کے باکریک میں ہیٹنگ دامیں ڈوخت ہوی کیا گیا۔ پھیر عادل شاہ نے سوال اٹھایا کہ اربوں روپے بلایت کی اس سنگین کرپشن کے باوجود آج تک کلحہ خورک کے طوت طہران کے خلاف کوئی ٹھاخ طرہ کارروائی کیوں نہیں کی گئی۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ گندم انسکیشل کی فورنگ سے متعلق جانچ ہونا چاہیے اور اس میں طوت ہوتم اصحر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی سندھ عوام کے حقوق کے تحفظ کے لیے پرخوم پر آواز بلند کرتی رہے گی اور اس بڑے مالی اسکینڈل کو بے نقاب کرے گی۔

03

بقیہ نمبر 3

کے مطابق سرجانی ٹاؤن کے علاقے ڈیلی 36 منگی اسٹاپ کے قریب شیری کی فورنگ سے سیدہ 4 لاکھ بلاک ہوگیا جبکہ اس کے 2 ساتھی موقع پر سے فارنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے۔ ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقد رقم اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے۔ دوسرا واقعہ مقدمہ کے ملاتے ناظم آباد نمبر ایک میں پیش آیا، جہاں پولیس مقابلے کے دوران دو ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار کیے گئے۔ ملزمان کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ان ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فونز، نقد رقم، منشیات اور موٹر سائیکل بھی برآمد ہوئی ہے۔

04

بقیہ نمبر 4

گورنر ہاؤس کے ترجمان کی حیثیت سے تعینات کیے موقع پر گورنر سندھ کامران لاشاری نے اسلحہ لائسنس کے حامل ڈاکو کو پکڑنے کے لیے پولیس کو شاباش دی۔ ترجمان کے مطابق ڈاکو کو پکڑنے کے لیے پولیس کی کوششوں کو سراہا گیا ہے

پیٹرول پمپ ایسوسی ایشن نے ملک بھر کے اسٹیشنز بند کرنے کی دھمکی دیدی

رات گئے تک ریسکیو ٹیم بچی کی تلاش کے لیے لائن میں سرچ آپریشن کرتی رہی اور بالآخر تاریکی کے باعث آپریشن روک دیا گیا تھا، جسے بدھ کی صبح دوبارہ شروع کیا گیا

مذکورہ لائن لینجھر جھیل سے کراچی آنے والی صاف پانی کی سپلائی لائن ہے، گہرائی 25 سے 30 فٹ ہے پریشر انتہائی زیادہ ہونے کے باعث ریسکیو آپریشن میں مشکلات

کراچی (ویب ڈیسک) گھر سے پانی بھرنے کے لیے آئی بچی واٹر کارپوریشن کی لائن کے کھلے حصے میں ڈوب گئی۔ اسٹیل ٹاؤن کے علاقے گلشن حدید کے قریب واٹر کارپوریشن کی 72 انچ قطر کی لائن میں 14 سالہ بچی ڈوب گئی، جس کی اطلاع ملنے پر پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچیں اور بچی کی تلاش شروع کر دی۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر اطراف کے گھروں کے، رہائشی بڑی تعداد میں جائے وقوع پر جمع ہو گئے۔ بچی کے ڈوبنے کا افسوسناک واقعہ منگل کی شام کو پیش آیا تھا۔ بعد ازاں رات گئے تک ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچیں اور بچی کی تلاش شروع کر دی، اور بالآخر تاریکی کے باعث آپریشن روک دیا گیا تھا، جسے بدھ کی صبح دوبارہ شروع کیا گیا۔ پولیس کے مطابق ڈوبنے والی بچی کی شناخت 14 سالہ نگہت فرحت نظیر کے نام سے کی گئی جو ماہ رمضان کے قریب ہی واقع قوچ کے قریب ایک کوٹھی رہائشی تھی۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق ثناء اللہ اور ان سے پانی بھرنے کے لیے آئی تھی اور پانی بھرنے کے دوران پاؤں پھسلنے سے گر کر ڈوب .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

اویس لغاری نے ٹیکسٹائل کرڈ کمپنی کی مقامی صنعت سے متعلق پالیسی کو بڑی کامیابی قرار دے دیا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر تجارت پالیسی کو ایک اہم کامیابی قرار دے دیا۔ اپنے ایل

سردار اویس احمد خان لغاری نے ٹیکسٹائل کرڈ کمپنی (این سی سی) کی مقامی صنعت کے فروغ سے متعلق بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ اس کے تحت پاکستانی صنعتوں کو 12.673 .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

وزارت خارجہ کی مشرق وسطیٰ کے تنازعات پر قیاس آرائی سے گریز کی ہدایت

سفارتکاری اور مذاکرات میں احتیاط اور رازداری بنیادی اہمیت رکھتی ہے، طاہر اندرابی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزارت خارجہ کے ترجمان طاہر اندرابی نے میڈیا کو ہدایت کی ہے کہ وہ مشرق وسطیٰ اور خلیج فارس میں جاری تنازعات کے حوالے سے پاکستان کے بارے میں چلائی جانے والی افواہوں اور قیاس آرائیوں سے پرہیز کریں۔ ترجمان نے نشاندہی کی کہ انہیں متعدد میڈیا اور شہری حلقوں کی جانب سے تبصرے یا تصدیق کی درخواستیں موصول ہو رہی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

معرکہ حق میں پاکستان نے دشمن کے 11 جہاز گرائے، وفاقی وزیر احسن اقبال

جدہ (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر منصوبہ بندی میں۔ سعودی عرب کے شہر جدہ میں یوم پاکستان کی

احسن اقبال کا کہنا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر بھرپور عسکری طاقت سے سرحدوں کی حفاظت کر رہے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا ہے کہ معرکہ حق میں .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

پاکستان کی کامیابی سے بھارت تنہا، مودی کی پالیسی برباد

نئی دہلی (ویب ڈیسک) مالی سفارت کاری میں پاکستان کی کامیابی نے بھارت کو تنہا کر دیا اور خریدار مودی کی پاکستان کو تنہا کرنے کی پالیسی برباد ہو گئی۔ بھارتی خبر رساں ادارے نے مودی سرکار کو آئینہ دکھا دیا کہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 41

وفاق کے نمائندے کی حیثیت سے اپنی آئینی ذمہ داریوں سے وہ بخوبی آگاہ ہیں، گورنر سندھ

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان سٹیم لیگ (نون ایفٹ وطنی کے صدر و کنٹینٹ بورڈ ریگل ہیڈ کمیٹی اور نائب صدر سٹیم لیگ ان لارز فورم سندھ اکلم ملک ایڈوکیٹ نے ضلع وطنی کی کابینہ اور ڈپٹی کنٹینرز کے عہدیداران، پارٹی کنگ ہولڈرز کا دعا کو گورنر ہاؤس میں گورنر سندھ سید جیال ہاشمی کے کانشیدہ ذات ملاقات میں اور انہیں عہدی مبارکباد کے ساتھ ساتھ نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وفد نے گورنر .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 44

حج پروازوں کا شیڈول جاری، پہلی پرواز 18 اپریل کو اڑان بھرے گی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزارت مذہبی امور نے حج پروازوں کا شیڈول جاری کر دیا۔ اسلام آباد سے وزارت مذہبی امور کے مطابق پاکستان سے حج پروازوں کا آغاز 18 اپریل سے ہوگا۔ وزارت مذہبی امور کے اعلامیہ کے مطابق عازمین حج کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ پاک حج موبائل ایپ کے ذریعے اپنی پروازی معلومات حاصل کریں۔ حج پرواز کی معلومات وزارت کی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

کراچی مختلف مقامات پر پولیس مقابلے، 4 رخنیوں سمیت 5 ملزمان گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) مجرم قائد کے مختلف علاقوں میں پولیس کے ساتھ مبینہ مقابلوں کے دوران 4 رخنی سمیت 5 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق پہلا مقابلہ قائد آباد کے علاقے لاڈھی داد چورنگی کے قریب پیش آیا۔ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 43

فیڈرل بورڈ کے تحت ایران سمیت 4 خلیجی ممالک میں میٹرک امتحانات ملتوی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) فیڈرل بورڈ نے سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر ایران سمیت چار خلیجی ممالک میں میٹرک امتحانات ملتوی کر دیے ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ایران، کویت، متحدہ عرب امارات اور بحرین میں قائم امتحانی مراکز پر میٹرک کے امتحانات فی الحال نہیں ہوں گے، جبکہ بیرون ملک دیگر تمام مراکز میں امتحانات پہلے سے جاری کردہ شیڈول کے مطابق .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 42

سندھ حکومت کی ہوٹلز، ریسٹورنٹس کو کرایوں اور بلوں میں اضافہ نہ کرنیکی ہدایت

ریسٹورنٹس موجودہ حالات میں زائد بلز وصولی سے گریز کریں اور عوامی مفاد میں کرایوں میں کمی یقینی بنائی جائے

عمرے اور زیارتوں پر جانے والے زائرین کے ساتھ فراڈ کرنے والی ٹریول ایجنسیوں کا لائسنس رد کیا جائے گا

کراچی (ویب ڈیسک) حکومت سندھ کے محکمہ ثقافت و سیاحت نے ہوٹلز اور ریسٹورنٹس کو کرایوں اور بلوں میں اضافہ نہ کرنے کی ہدایت کی ہے اور اس سلسلے میں خط ارسال کر دیا ہے۔ محکمہ ثقافت و سیاحت سندھ نے ہوٹلز اور ریسٹورنٹس کو خط میں لکھا ہے کہ ریسٹورنٹس موجودہ حالات میں زائد بلز وصولی سے گریز کریں اور عوامی مفاد میں کرایوں میں کمی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

حکومت کی صنعتی صارفین کیلئے نیا ٹیرف نظام متعارف کرانیکی تیاری

صنعتی صارفین کو فی سلیب ٹیرف ڈھانچے میں شامل ہونے کا اختیار دیا جائے گا

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت کی جانب سے صنعتی صارفین کے لیے نیا ٹیرف نظام متعارف کرانے کی تیاری کی جا رہی ہے۔ وزارت توانائی (پاور ڈویژن) صنعتی صارفین کی سہولت اور بجلی کے مؤثر استعمال کو بہتر بنانے کے لیے ایک نیا اختیاری ٹائم ٹیرف نام آف ٹائم یوز (ToU) نظام متعارف کرانے پر غور کر رہی ہے۔ دانش رہے کہ وفاقی وزیر سردار اویس احمد خان لغاری کی خصوصی ہدایت پر اس حوالے سے متعدد اندرونی مشاورتی اور تکنیکی اجلاس منعقد کیے جا چکے ہیں۔ مجوزہ فریم .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

کراچی کے علاقے گورگی میں بکرے کے ڈھیر کے مسائل نے دکانوں کی غلاظت کو اجاگر کر دیا

امریکی بحری بیڑا ایران میں آیا تو نشانہ بنایا جاسکتا ہے، ایران

امریکی طیارہ بردار بحری بیڑا ایوالیس ایس ابراہم لنکن پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں

تہران (ویب ڈیسک) ایران کی بحریہ کے کمانڈر خرام ایرانی نے کہا ہے کہ امریکی طیارہ بردار بحری بیڑا ایوالیس ایس ابراہم لنکن پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہیں۔ خرام ایرانی نے خبردار کیا کہ جیسے ہی یہ امریکی بیڑا ایرانی سمندروں کی رینج میں آئے گا اسے نشانہ بنایا جاسکتا ہے، ایرانی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

غندم خرد برد اور کرپشن، کوئی احتساب نہیں ہوا، حلیم عادل شیخ

ہر سال عوام کے ٹیکس کے جنیوں سے 100 روپے کے گندم میں کرپشن ہوتی ہے، صدر سندھ

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) سندھ کے صدر علیم عادل شیخ نے سندھ میں گندم اسکینڈل پر شدید ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہر سال سو ارب روپے سے زائد مالیت کی گندم میں خورد برد ایک سنگین کرپشن کا ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ رواں سال بھی 14 ارب روپے کی گندم میدہ طور پر غائب کر دی گئی جبکہ 10 ارب روپے مالیت کی گندم گوداموں میں پڑے پڑے خراب ہو گئی، جو محکمہ خوراک سندھ کی بدترین نااہلی اور بدنیتی کا انتظامی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

اسٹیل مل میں چوری کا ٹینٹ ورک بے نقاب، 2 ملزمان گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) شیرقائد میں بن قاسم پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے اسٹیل مل فوجا ہرتانہ چوری میں ملوث دو ملزمان کو گرفتار کر لیا جبکہ تفتیش کے دوران پولیس اہلکاروں کے ملوث ہونے کا بھی انکشاف .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

شہری کی فائرنگ سے مبینہ ڈاکو ہلاک، 2 ساتھی فرار

کراچی (ویب ڈیسک) سرجانی ٹاؤن کے علاقے لیاری 36 نمبر اسٹاپ کے قریب شہری کی فائرنگ سے مبینہ ڈاکو ہلاک ہو گیا جبکہ اس کے 2 ساتھی موقع پر سے فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ رپورٹ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

حیدرآباد میں دریائے سندھ کے کنارے شہریوں نے خوشگوار موسم گرما کے دوران عید الفطر منائی

سونے کی قیمتوں میں پھر بڑا اضافہ، چاندی بھی مہنگی ہوگئی

گزشتہ روز بھی سونے اور چاندی کی قیمت میں بڑا اضافہ ریکارڈ ہوا تھا

کراچی (ویب ڈیسک) سونے کی عالمی اور مقامی مارکیٹوں میں قیمت آج پھر بڑھ گئی، جس کے ساتھ ساتھ چاندی بھی مزید مہنگی ہوگئی۔ بین الاقوامی مارکیٹ میں آج بدھ کے روز فی اونس سونے کی قیمت میں یکدم 152 ڈالر کا اضافہ ریکارڈ ہوا، جس کے نتیجے میں مقامی سطح پر فی تولہ 4 ہزار 565 روپے فی اونس کی سطح پر آ گئی۔ عالمی مارکیٹ کے زیر اثر مقامی صرافہ بازاروں میں بھی آج مسلسل دوسرے دن 24 قیراط کے حامل فی تولہ سونے کی قیمت میں 15 ہزار 200 روپے کا اضافہ ریکارڈ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

چرواہا کوئٹہ میں بکریوں کے ریوڑ کو چراگاہ کے لیے لے جا رہا ہے

لیاری ٹرانسفارمیشن پروجیکٹ کا آغاز، ترقی کا نیا دور شروع، ملک شہباز خان

بیترمین پاکستان پیپلز پارٹی کے وژن کے تحت ترقیاتی منصوبوں پر کام تیزی سے جاری، نوجوان پر امید، ضلعی صدر

کراچی (پ ر) لیاری ٹرانسفارمیشن پروجیکٹ کے تحت ترقیاتی کاموں کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے، جو بیترمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری کے وژن اور لیاری کے عوام سے محبت کا واضح اظہار ہے۔ اس بڑے منصوبے کا مقصد لیاری میں بنیادی سہولیات کی بہتری، انفرانسٹرکچر کی ترقی اور علاقے کو ایک جدید اور بہتر طرز زندگی کی جانب لے جانا ہے۔ صدر پی ایس ایف ڈسٹرکٹ ساتھ اور ہیڈ پی پی پی ڈیجیٹل ساتھ، ملک شہباز خان نے اپنے بیان میں کہا کہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

کبوتروں نے کراچی میں سندھ ہائی کورٹ کے قریب کبوتروں چوری پر گری سے راحت تلاش کی

سبسڈی کوٹے کے مطابق موٹر سائیکلوں اور کشوں کو پیٹرول فراہم کیلئے ایپ تیار

گاڑیوں کا کوٹہ صارف کی ایپ سے رجسٹریشن نمبر اور ان کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کے ذریعے منسلک کیا جائے گا

ریٹیل آپریٹرز کے لیے مفت، پہلے سے انسٹال کردہ ایپ فراہم کی جائے گی، صارفین علیحدہ ایپلی کیشن استعمال کریں گے، عہدیدار

اسلام آباد (ویب ڈیسک) حکومت نے موٹر سائیکلوں، رکشوں اور 800 سی سی گاڑیوں کے لیے ایندھن فراہمی کے لیے موبائل ایپلیکیشن پر مبنی کوٹہ سسٹم کو تشفی ظل دے دی جب کہ اقدام کا مقصد کم آمدنی والے طبقے کے لیے مارکیٹ سبسڈی کو یقینی بنانا اور تیل کی کھپت کو کم کرنا ہے۔ رپورٹ کے مطابق سینئر سرکاری اہلکار نے بتایا کہ اس حصص کی فراہمی کا نظام کی تفصیلات کو آئل .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

پولیس اہلکار کے قتل میں ملوث اور پولیس کو مطلوب ملزم گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) ڈسٹرکٹ ویسٹ پولیس نے گلشن معمار میں کارروائی کرتے ہوئے پولیس اہلکار کے قتل میں ملوث اور سندھ پولیس کو مطلوب ملزم الشیخ عرف اقبیہ کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی ڈسٹرکٹ ویسٹ طارق الٰہی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

20 سالہ لڑکی کے اغوا اور جنسی زیادتی میں ملوث ملزم گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) سیزی انوسٹی گیشن پولیس کی تفتیشی ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے کم عمر متوفیہ کو بازیاب کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ رپورٹ کے مطابق سیزی انوسٹی گیشن پولیس کی تفتیشی ٹیموں نے کارروائی کرتے ہوئے متوفیہ کو بازیاب کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

کریم آباد انڈر پاس 10 اپریل کو ٹریفک کیلئے کھل جائیگا، ڈی جی کے ڈی اے

انڈر پاس پر دن رات کام چل رہا ہے، انڈر پاس کو ایک سال کی مدت میں مکمل ہونا تھا، آصف

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ڈی جی کے ڈی اے آصف جان صدیقی نے کہا ہے کہ کریم آباد انڈر پاس کا تعمیراتی کام 15 روز میں مکمل کر لیا جائیگا۔ ڈی جی کے ڈی اے نے بتایا کہ انڈر پاس پر دن رات کام چل رہا ہے، کریم آباد انڈر پاس 10 اپریل کو ٹریفک کے لیے کھل جائے گا۔ کے ڈی اے حکام کے مطابق کریم آباد انڈر پاس کی لمبائی 1.1 کلومیٹر ہے، انڈر پاس کا تعمیراتی کام دسمبر 2023 میں شروع ہوا تھا، انڈر پاس کو ایک سال کی مدت میں مکمل ہونا تھا۔ کے ڈی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

اسکول ایجوکیشن ایمپلائز ڈپارٹمنٹ میں تبادلوں اور تقرریوں پر پابندی

کراچی (ویب ڈیسک) اسکول ایجوکیشن اینڈ لٹریسی ڈپارٹمنٹ میں تبادلوں اور تقرریوں پر پابندی عائد کر دی گئی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ڈی جی اور، بینڈ مانیٹرز، پرنسپلز اور سینئر ٹیچرز کی پوسٹنگ اور ٹرانسفر پر پابندی لگائی گئی ہے۔ ترقی بی .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

کم لاگت گھروں کی قیمت کیلئے ہاؤسنگ لون کی حد ایک کروڑ روپے مقرر

کراچی (ویب ڈیسک) کم لاگت گھروں کی قیمت کیلئے حکومت کی رہائی اسکیم پر سلمدآ مد شروع ہو گیا۔ ہاؤسنگ لون کی حد 35 لاکھ سے بڑھا کر ایک کروڑ روپے کر دی گئی۔ 10 مرلے کے گھر کیلئے بھی اب پانچ فیصد گلڈ سود .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

پی ایس ایف رہنما و سیکورٹی اہلکار کا قتل؛ ملزم کی بریت کیخلاف اپیلیں مسترد

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ ہائیکورٹ نے پی ایس ایف کے رہنما اور سکیورٹی اہلکار کے قتل میں ملوث ملزم عمیر صدیقی کی بریت کیخلاف اپیلیں مسترد کر دیں۔ عدالت نے انسداد دہشت گردی کی خصوصی عدالت کا فیصلہ .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

نیو سعید آباد میں اہلکار کے قتل میں ملوث خاتون پولیس اہلکار گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) مبارکی کے علاقے نیو سعید آباد پولیس انکیشن کے رہائشی کوارٹر سے پولیس اہلکار فیاض بلال کی گولی لگی لاش ملنے کے واقعے میں اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، پولیس نے قتل کے الزام میں ایک خاتون .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

انتشار پھیلانے والوں کو حکومت اب برداشت نہیں کریگی، عابد شیر علی

کسی دور میں پاکستان کو دہشت گردی کا ملک کہا جاتا تھا، آج ہمیں ٹالنے کا کہا جا رہا ہے

فیصل آباد (ویب ڈیسک) سٹیم لیگ ن کے سینئر رہنما و میئر عابد شیر علی نے کہا کہ جو ملک میں انتشار کا ایجنڈا رکھتے ہیں ان کے لئے واضح پیغام ہے حکومت اب ان کو برداشت نہیں کرے گی۔ فیصل آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے میئر عابد شیر علی کا کہنا تھا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

ایشیز میں بدترین شکست کے بعد کا وقت کپتانی کا سب سے مشکل مرحلہ تھا، سٹوکس

لندن (ویب ڈیسک) انگلینڈ کے ٹیسٹ کپتان بین سٹوکس نے آسٹریلیا کے خلاف ایشیز سیریز میں 1-4 کی بدترین شکست کے بعد کے وقت کو اپنی کپتانی کا سب سے مشکل مرحلہ قرار دیا ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر مداحوں کے نام ایک کھلا خط لکھتے ہوئے بیٹر جیکوب بیتھل کو کم اور فاسٹ بولر جوفرا آرچر کی بھرپور واپسی کا اظہار بھی کیا۔ سٹوکس نے کہا .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 18

ہم جہاں کھڑے ہو جاتے ہیں کنٹرو ورسی وہیں سے شروع ہو جاتی ہے، فہد مصطفیٰ

کراچی (ویب ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف میزبان و اداکار فہد مصطفیٰ نے اپنے بیانات کی وجہ سے شروع ہونے والے تنازعات پر دلچسپ ردعمل کا اظہار کیا ہے۔ فہد مصطفیٰ نے حال ہی میں ایک نجی ٹی وی کے شو میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف موضوعات پر بھی دلچسپ گفتگو کی۔ انہوں نے اپنے بیانات پر ہوئے .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 19

تقسیم سندھ کی باتیں کرنے والے ملک دشمن ایجنڈے پر عمل پیرا ہیں، سید ذوالفقار شاہ

وفاق میں شراکت دار ہونے کے باوجود سندھ حکومت کے خلاف ہرزہ سرائی کرنا ان کے دوغلے پن کا واضح ثبوت ہے

ایم کیو ایم پاکستان کا حالیہ بیانیہ سیاسی دیوالیہ پن اور عوام کو گمراہ کرنے کی ایک ناکام کوشش ہے، صوبائی وزیر ثقافت و سیاحت

کراچی (ویب ڈیسک) پیپلز پارٹی کے صوبائی وزیر سید ذوالفقار علی شاہ نے ایم کیو ایم پاکستان کے رہنماؤں کی پریس کانفرنس پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے سنگین الزامات عائد کیے ہیں۔ نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان کا حالیہ بیانیہ سیاسی دیوالیہ پن اور عوام کو گمراہ کرنے کی ایک ناکام کوشش ہے۔ وفاق میں شراکت .....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17